# 72:سورۃ الجنّ

*Flow Chart* | *Macro Structure*

| | | |
|---|---|---|
| مکّیہ | آیات:28 | پیراگراف:3 |




## زمانۂ نزول:

سورت الجن غالباً سورۃ الاحقاف کے ساتھ، سفر طائف سے واپسی پر، بمقام نخلہ شوال 10 نبوی میں نازل ہوئی۔

یہ وہ زمانہ تھا، جب آپ ﷺ شعبِ ابی طالب کی اسیری کے بعد رہائی پاتے ہی حضرت خدیجہؓ اور چچا ابو طالب کی وفات کے صدمے سے دوچار تھے اور مشرکین کا رویہ قرآن کے بارے میں نہایت سخت اور متعصبانہ تھا۔ ان حالات میں چند جنات کے اسلام کی خبر، ہوا کا خوشگوار جھونکا تھا۔ اس موقع پر یہ مناسب تھا کہ قریش کو غیرت دلائی جائے اور ایک نہایت پر تاثیر انداز میں توحید کی دعوت کا اعادہ کیا جائے، منصبِ رسالت کی وضاحت کی جائے اور ایمان کے دنیاوی اور اخروی فائدوں سے تزکیر کی جائے۔